سوال

(690)کیا مریض کو دم کر کے کوئی چیز کھلانی پلانی چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مریض کو دم کر کے کوئی چیز کھلانی پلانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے؟ (محمد یونس شاکر، نوشہرہ ورکاں)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جابر رضی اللہ عنہ والی حدیث سے استدلال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء فرما کر ہنڈیا میں تھوکا تھا۔ 1 پھر محمود بن ربیع والی حدیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے گھر کے کنویں سے پانی لے کر ان کے منہ میں کلی کی تھی۔ 2

۲۳ ۶ ۱۴۲۳ھ

1 متفق علیہ۔ مشکوۃ کتاب الفضائل والشمائل باب فی المعجزات، الفصل الاول۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص694

محدث فتویٰ